لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ برائٹ سٹار گوجرانوالہ پاکستان

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 | بروز سوموار 26 جون 2023ء ، 06 ذوالحجہ 1444ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 234

# گیپکو کی 9011 اضافی یونٹس چارج کرنے کی بدانتظامی

## اضافی یونٹس غلطی سے چارج کیئے گئے ہیں لہذا ایجنسی نے 9011 اضافی یونٹس واپس لے لیے: سعد یوسف

گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ کے دفتر سے جاری ہونے والی پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ سعد یوسف ولد محمد یوسف، جو کہ جاز ریجنل آفس، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ کا رہائشی ہے کو گیپکو نے الیکٹری سٹی میٹر پر جس کا ریفرنس نمبر 0277601243424 ہے کو مارچ 2023 میں 11947 یونٹس چارج کیے۔ اس نے کئی مرتبہ ایجنسی سے درخواست کی کہ اسے جو زائد یونٹس چارج کیئے گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں لیکن اس کی شنوائی نہ ہوئی بالآخر اس نے ایجنسی کے رویے سے دلبرداشتہ ہو کر وفاقی محتسب، گوجرانوالہ کے دفتر میں اپنی درخواست جمع کروائی کہ ایجنسی نے بغیر وجہ کے مجھے اضافی یونٹس چارج کر دیے ہیں۔ اس کے کیس کی شنوائی وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس گوجرانوالہ میں ہوئی اور ایجنسی نے اپنے موقف میں بتایا کہ سعد یوسف نے 2936 یونٹس استعمال کیے ہیں باقی اضافی یونٹس غلطی سے چارج کیئے گئے ہیں لہذا ایجنسی نے 9011 اضافی یونٹس واپس لے لیے۔ سعد یوسف نے اس سلسلے میں عزت مآب وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی صاحب اور جناب شاہد لطیف خاں کا شکریہ ادا کیا کہ ان کی بروقت مداخلت سے اس کا مسئلہ حل ہوا اور کہا کہ یہ وہ واحد ادارہ ہے جو لوگوں کو مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے

SUCCESS STORY


لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786/92

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز سرگودھا

بانی: محمد حمید الرحمٰن

قیمت 30 روپے

صفحات 10

MONDAY, JUNE 26, 2023

جلد 6 | پیر 7 ذوالحجہ 1444ھ 26 جون 2023ء 12 ہاڑ 2080ب | شمارہ 282


# سرگودھا: 80 سالہ سابق ٹیچر کو 22 سال بعد پنشن کی رقم مل گئی

## ٹیچر عبدالجبار نے مٹھہ ٹوانہ کے مقامی بنک میں رقم جمع کرائی جو واپس نہ ملی

## وفاقی محتسب اسلام آباد نے شکایت درج کرانے پر رقم ٹیچر کو واپس دلا دی



سرگودھا (خبر نگار) انچارج وفاقی محتسب سرگودھا ریجن مشتاق احمد اعوان نے 82 سالہ بوڑھے سکول ٹیچر کو 22 سال بعد بینک سے ایک لاکھ تیس ہزار روپے واپس دلوا دیے، سکول ٹیچر نے اپنی ریٹائرمنٹ پر ملنے والی پنشن کی رقم مقامی بینک مٹھہ ٹوانہ کے اکاؤنٹ میں جمع کروا دی تھی، ذرائع کے مطابق مٹھہ ٹوانہ ضلع خوشاب کے 82 سالہ بوڑھے سکول ٹیچر (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

بقیہ | پنشن رقم | 20

عبدالجبار کو 22 سال کے بعد نیشنل بینک مٹھہ ٹوانہ سے ایک لاکھ تیس ہزار روپے واپس دلوا دیے گئے۔ سکول ٹیچر نے اپنی ریٹائرمنٹ پر ملنے والی پنشن کی رقم مقامی بینک مٹھہ ٹوانہ میں اکاؤنٹ میں جمع کروا دی بنک کا ایک ڈکیت گینگ گروہ نے بینک سے بذریعہ فراڈ کروڑوں کی رقم خورد برد کر کے فرار گئے بینک نے اپنے ملازمون پر مقدمہ درج کروا دیا وہ ملزمان عدالت سے سزایاب ہو گئے لیکن بینک کھاتہ داروں کے جمع شدہ پیسے واپس نہیں دے رہا تھا بوڑھے سکول ٹیچر نے وفاقی محتسب اسلام آباد شکایت درج کروائی جو سرگودھا ریجن کے انچارج کے پاس آئی دو ماہ کے اندر اندر بوڑھے ٹیچر کو اسکی رقم واپس مل گئی۔

www.mashriq.com.pk www.facebook.com/mashriqnews

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

جلد 52 | پیر 07 ذی الحجہ 1444ھ 26 جون 2023ء صفحات 10 | شمارہ 04

رجسٹرڈ BC-m-1 | ایکسچینج نمبرز 2829164 2821538-2821626 — فیکس 2835934 2830228 | قیمت 30 روپے

# وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کی بے لوث خدمت کر رہا ہے، غلام سرور بروہی

## وفاقی محکموں سے متعلق شکایات پر بلامعاوضہ فوری انصاف فراہم کیا جاتا ہے، احمد وقاص

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کی خدمت کے لیے ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی۔ نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام مری آباد کے علاقائی دفتر میں وفاقی محتسب کی کھلی کچہری کا انعقاد کروایا گیا۔ تقریب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما آغا انور گل، رمضان ہزارہ اور دیگر نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں عوام کی ایک کثیر تعداد.........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 9 پر

**بقیہ 51** غلام سرور بروہی

موجود تھی جس نے ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اور ان کے افسران کے سامنے اپنے مسائل پیش کئے۔ اور ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب نے یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کا حل فوری طور پر کیا جائے گا۔ کھلی کچہری میں وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ کے ڈپٹی رجسٹرار جناب امیر محمد رند نے درخواست گزاروں کو درخواست جمع کرنے کے لئے نہایت آسان طریقوں سے روشناس کرایا۔

Dailyrafaqat@gmail.com ,dailyrafaqat@ymail.com ,PH&FAX:048-3728282

تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified سرکاری اشتہارات کیلئے منظور شدہ

The Daily RAFAQAT Sargodha

FR. 139

بانی کوثر الطاف ملک

روزنامہ رفاقت سرگودھا

چیف ایڈیٹر محمد الطاف ملک

ایڈیٹر محمد سیف الرحمن ملک ایگزیکٹو ایڈیٹر محمد جاوید ملک

PH&FAX: 048-3728282

صفحات 4 قیمت 15 روپے

جلد 28 پیر 7 ذوالحج 1444ھ 26 جون 2023ء 13 ہاڑ 2071ب شمارہ 145

# وفاقی محتسب سرگودھا ریجن کا احسن اقدام بوڑھے سکول ٹیچر کو پنشن کی رقم مل گئی

## مٹھہ ٹوانہ ضلع خوشاب کے عبدالجبار کو 22 سال کے بعد نیشنل بینک مٹھہ ٹوانہ سے ایک لاکھ تیس ہزار روپے واپس دلوا دیئے

## 22 سال بزرگ پنشنر کو انصاف کی فراہمی ان کے اہم کیسز میں سے ہے، ملک مشتاق اعوان انچارج وفاقی محتسب سرگودھا ریجن

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) انچارج وفاقی محتسب سرگودھا ریجن مشتاق احمد اعوان کی ذاتی کاوشوں سے مٹھہ ٹوانہ ضلع خوشاب کے 82 سالہ بوڑھے سکول ٹیچر عبدالجبار کو 22 سال کے بعد نیشنل بینک مٹھہ ٹوانہ سے ایک لاکھ تیس ہزار روپے واپس دلوا دیئے گئے۔ سکول ٹیچر نے اپنی ریٹائرمنٹ پر ملنے والی پنشن کی رقم نیشنل بینک مٹھہ ٹوانہ میں اکاؤنٹ میں جمع کروا دی۔ بینک کے ایک ڈکیت گروہ نے بینک سے بذریعہ فراڈ کر کے کروڑوں کی رقم خورد برد کر لی اور فرار ہو گئے۔ بینک نے اپنے ملازموں پر مقدمہ درج کروا دیا۔ وہ ملزمان عدالت سے سزایاب ہو گئے لیکن بینک کھاتہ داروں کے جمع شدہ پیسے واپس نہیں دے رہا تھا۔ بوڑھے سکول ٹیچر نے وفاقی محتسب اسلام آباد شکایت درج کروائی جو سرگودھا ریجن کے انچارج کے پاس آئی دو ماہ کے اندر اندر بوڑھے ٹیچر کو اسکی رقم واپس مل گئی۔ بوڑھا سکول ٹیچر آج شکریہ ادا کرنے سرگودھا ریجنل آفس آیا۔ نمائندہ وفاقی محتسب ملک مشتاق اعوان نے 40 مختلف کیسز پر کارروائی کرتے ہوئے انصاف فراہم کرانے کے لیے اقدامات کیے۔ محتسب پاکستان کے نمائندہ ملک مشتاق اعوان کا کہنا تھا کہ 22 سال بزرگ پنشنر کو انصاف کی فراہمی ان کے اہم کیسز میں سے ہے۔


DATE: 28-06-2023

روزنامہ اخبارِ حق اسلام آباد

www.haqnews.tv

HAQ MEDIA GROUP

www.akhbarehaq.com



خانپور ٹی ایم اے ہال میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ہزارہ ڈویژن کے زیراہتمام منعقدہ کھلی کچہری کے شرکاء سے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ خطاب کررہے ہیں

# وفاقی محتسب میں عوام بغیر سفارش کے شکایات بھیج سکتے ہیں: عبدالغفور بیگ

## وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی کھلی کچہری کرنے کا مقصد عوام کو محکمہ جات بارے درپیش مسائل کو انکی دہلیز پر حل کیا جائے

## وفاقی محتسب ملک کے غریب عوام کا ادارہ ہے جہاں پر عوام کے بلاتفریق مسائل بغیر کسی معاوضہ کے حل کیئے جاتے ہیں

خانپور (بیورو رپورٹ) خانپور وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ہزارہ ڈویژن کے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ ملک کی غریب عوام کا ادارہ ہے جہاں پر عوام بغیر کسی سفارش کے اپنی شکایات اور مسال کو حل کے لیے بھیج سکتے ہیں اور عوام کی شکایات اور مسائل کو دو ماہ کے اندر اندر حل کر کے عوام کو آگاہ بھی کیا جاتا ہے خانپور شہر میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی کھلی کچہری کرنے کا مقصد تحصیل خانپور کی عوام کو وفاق کے مختلف محکمہ جات کے حوالے سے درپیش مسال کو سن کر ان کی دہلیز پر حل کیا جائے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک کے غریب عوام کا ادارہ ہے جہاں پر عوام کے بلاتفریق مسائل کو سن کر ان کے مسائل کو بغیر کسی معاوضہ کے حل کیا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ہزارہ ڈویژن کے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ نے ٹی ایم اے حال خانپور میں عوامی شکایات کے ازالہ کے لیے منعقدہ کھلی کچہری کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا کھلی کچہری میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ہزارہ ڈویژن کے ڈپٹی ریجنل ہیڈ محمد عدنان خان۔ تحصیل چیرمین خانپور راجہ ہارون سکندر۔ تحصیل میونسپل آفیسر خانپور نور نبی۔ اسسٹنٹ کمشنر خانپور سکندر خان۔ ایس ڈی پی او خانپور محمد عزیر۔ ایکسین ٹی ایم اے خانپور وسیم کامران۔ سپروازر لوکل گورنمنٹ تحصیل خانپور شیر افضل۔ محکمہ صحت ہری پور سے ڈاکٹر حادی کے علاوہ محکمہ سوئی گیس سمیت مختلف محکمہ جات کے افسران اور نمائندہ گان موجود تھے کھلی کچہری کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ہزارہ ڈویژن کے افسران کی کھلی کچہری کے موقع پر علاقہ خانپور کی عوام نے اپر خانپور میں عوام پر مسلط کیے گے گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے کالے قانون۔ خانپور اور اپر خانپور میں لگے ہوئے کرشرز پلانٹ سے فضائی آلودگی۔ جنگلات کے خاتمہ اور خانپور ڈیم کو پہنچنے والے نقصانات۔ پیسکو کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ۔ محکمہ سوی گیس کی لوڈ شیڈنگ اور کم پریشر۔ لوکل گورنمنٹ۔ این ایچ اے۔ بی آئی ایس پی۔ پاسپورٹ اور نادرہ آفس خانپور سمیت مختلف محکمہ جات کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے ریجنل ہیڈ عبدالغفور بیگ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ وفاق کے 182 اداروں کے متعلق عوام کو درپیش مسال کو سن کر حل کرنے کے حوالے احکامات جاری کرتا ہے ریجنل ہیڈ عبدالغفور نے کہا کہ کھلی کچہری میں پیش کردہ مسال اور شکایات سو فیصد حل نہیں ہو سکتے میری کوشش ہو گی کہ آئندہ کھلی کچہری سے قبل خانپور کی عوام کی طرف سے پیش کردہ مسال اور شکایات میں آدھے مسال اور شکایات حل ہو سکیں کھلی کچہری کے شرکا سے تحصیل چیرمین راجہ ہارون سکندر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری عوام کو گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی جیسے کالے قانون اور فضائی آلودگی پھیلانے والے کرشرز پلانٹ کا سابقہ صوبائی حکومت نے تحفہ دیا ہے جس نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے تحصیل چیرمین خانپور راجہ ہارون سکندر نے کہا کہ ہم عوامی نمائندے ہے ہمیں عوام نے منتخب کیا ہے اور عوام کو جوابدہ ہیں سابق حکومت نے عوام کے منتخب نمائندوں کے حقوق سلب کر کے ان کے ترقیاتی فنڈ روک کر منتخب نمائندہ گان کو دیوار کے ساتھ لگانے کی کوشش کی ہے اگر ہمارے حقوق اور فنڈ بحال نہ کیے گے تو راست قدم اٹھانے پر مجبور ہوں گے

چیف ایگزیکٹو: صفدر عباس ملک

# عوام کی عدالت بھکر

چیف ایڈیٹر
رانا انیل چوہان
ایڈیٹر: محمد اسلم خان بلوچ

## ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا بھکر دورہ

بھکر (نامہ نگار) عارف خان کنڈی ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع میں اوسی آر پروگرام کا دورہ۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی ایڈوائزر جناب عارف خان کنڈی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں 01اگست بروز منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی، یوٹیلیٹی اسٹورز، اور دیگر محکمے کیخلاف سنگیے۔ جس پر ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقعہ پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز



علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کی دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تا کہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئیکہا کہ آئندہ عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔